**09.11.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

Music

.................................

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے مہاراشٹر کے اکولا میں ایک ریلی سے خطاب کیا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ اُن کے تیسرے دورِ حکومت میں کروڑوں روپے کے کئی ترقیاتی پروجیکٹ شروع کئے جاچکے ہیں، جن میں مہاراشٹر کیلئے بہت سے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹ بھی شامل ہیں۔

☆ اتراکھنڈ آج اپنے قیام کے 25 سال پورے کررہا ہے۔ وزیراعظم اور نائب صدر جمہوریہ نے اِس موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔

☆ پاکستان میں بلوچستان میں کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر ایک دھماکے میں 24 افراد کے ہلاک اور 40 سے زیادہ کے زخمی ہونے کی خبر ملی ہے۔

☆ قطر کے شہر دوحہ میں بھارت کے پنکج اڈوانی IBSF عالمی بلیرڈ چمپئن شپ کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

☆ بھارت کی مردوں کی ہاکی ٹیم کے کپتان ہرمن پریت سنگھ اور گول کیپر P.R.Sreejesh کو عمان میں 2024 کیلئے سال کے ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

PM Maha

وزیراعظم نریندر مودی نے مہاراشٹر میں Akola میں ایک ریلی سے خطاب کیا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ اُن کے تیسرے دورِ حکومت میں کروڑوں روپے کے کئی ترقیاتی پروجیکٹ شروع کئے جاچکے ہیں، جن میں مہاراشٹر کیلئے بہت سے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹ بھی شامل ہیں۔

جناب مودی نے کہا کہ مرکزی حکومت نے کپاس کی کاشت کرنے والوں اور صنعت کو تقویت دینے کی غرض سے امراوتی میں ٹیکسٹائل پارک کا سنگ بنیاد رکھا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکسٹائل پارک سے کپاس کی کاشت کرنے والوں کی خوشحالی کی راہ ہموار ہوگی۔ اُنہوں نے ودربھ خطے کے Akola میں پہلی چناؤ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے اِس خطے میں آبپاشی کے پروجیکٹوں کی اہمیت کو اُجاگر کیا۔

اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ مہا وکاس اگھاڑی سرکار نے دیویندرفڑنویس سرکار کے اہم آبپاشی پروجیکٹوں پر عمل روک دیا تھا۔ مہایوتی اتحاد کے پھر سے اقتدار میں آنے کے بعد کئی پروجیکٹ دوبارہ شروع کئے گئے۔×

Uttrakhand PM+VP+Amitshah

وزیراعظم نریندر مودی نے غیرمعمولی ترقی کیلئے اتراکھنڈ کی ستائش کی ہے اور کہا ہے کہ یہ ریاست مختلف شعبوں میں آگے بڑھ رہی ہے۔ آج اتراکھنڈ کے قیام کے 25 سال پورے ہونے کے موقع پر ورچوئل طریقے پر ملک کو خطاب کرتے ہوئے انہوں نے یہ بات کہی۔ وزیراعظم نے کہاکہ آج کا دن اتراکھنڈ میں سلور جبلی تقریبات کی شروعات کا دن ہے۔ وزیراعظم نے اِس طرف توجہ دلائی کہ اتراکھنڈ کو ریاست کے روشن مستقبل کیلئے اگلے 25 سال کا سفر شروع کرنا ہے۔ اُنہوں نے اِس بات کا عہد کیا کہ وہ اگلے 25 سال کے دوران وِکست بھارت کا عزم پورا کرنے کیلئے وِکست اتراکھنڈ پر عمل کریں گے۔ وزیراعظم نے کہاکہ مرکزی سرکار ریاست کی ترقی کیلئے ہرممکن مدد دے رہی ہے۔

اِس بات کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہ اتراکھنڈ ایک نیا رجحان اور معیار قائم کررہا ہے، جناب مودی نے کہاکہ 2023-24 کے عرصے کے دوران انڈیا انڈیکس میں اتراکھنڈ لگاتار ترقی کے مقاصد کے حصول میں سرفہرست رہا ہے۔

اِس موقع پر نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے اتراکھنڈ کے عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب دھنکھڑ نے کہا کہ ہمالیہ کی برفیلی چوٹیوں سے لے کر ماں گنگا کے مقدس کناروں تک دیو بھومی اتراکھنڈ قدرتی خوبصورتی اور مالامال روحانی ورثے کی نعمتوں سے آراستہ ہے۔ نائب صدر نے دعا کی کہ قدرتی خوبصورتی سے مالا مال یہ ریاست بڑے پیمانے پر مزید ترقی اور فروغ حاصل کرتی رہے۔

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے بھی اتراکھنڈ کے لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب شاہ نے کہا کہ یہ ریاست قدرتی خوبصورتی اور مالامال ثقافتی ورثے کی زمین ہے۔ وزیر داخلہ نے بابا کیدار ناتھ سے دعا کی کہ مذہب اور ثقافت میں زبردست عقیدے اور فطرت کے تئیں گہری محبت کیلئے مشہور یہ ریاست وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی کی رہنمائی میں ترقی اور خوشحالی کی بلندیوں کو چھوئے۔×

Legal Services Day

آج ملک بھر میں لیگل سروس کا قومی دن منایا جارہا ہے۔ یہ دن منانے کا بنیادی مقصد قانونی بیداری کو فروغ دینا اور سبھی شہریوں خاص طور پر پچھڑے ہوئے طبقوں کیلئے انصاف کی رسائی کو یقینی بنانا ہے۔ 9 نومبر 1995 کو قانونی لیگل سروسز اتھارٹیز ایکٹ بنایا گیا تھا اور اِس کا مقصد پچھڑے ہوئے اور پسماندہ عوام کو قانونی امداد مہیا کرانا ہے۔×

PM RATAN TATA

وزیراعظم نریندرمودی نے کہاہے کہ سرکردہ صنعت کار اور انسان دوست شخصیت رتن ٹاٹا کی زندگی ہمیں یاد دلاتی ہے کہ سچی قیادت کا پیمانہ محض اُس کی کامیابیاں نہیں ہوسکتیں، بلکہ اِس کی پرکھ اِس بات سے کی جاسکتی ہے کہ وہ انتہائی کمزور طبقوں کی دیکھ بھال کرنے کی کتنی اہلیت رکھتا ہے۔

ایک قومی روزنامے OpEd میں جناب مودی نے کہا کہ رتن ٹاٹا کو، اِس جہانِ فانی سے رخصت ہوئے ایک مہینہ گزر گیا ہے، لیکن سماج کے ہرطبقے میں اُن کی محرومی کا احساس پایا جاتا ہے اور یہ احساس نہ صرف ملک میں بلکہ دنیا بھر میں محسوس کیا جارہا ہے۔×

Gadkari Roads

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے زور دے کرکہا ہے کہ ملک میں سڑک حادثوں اور اِن سے

ہونے والی اموات کو روکنے کیلئے، پیدل راستوں کی تعمیر کرتے ہوئے، سڑک پر لوگوں کی حفاظت کو سب سے زیادہ ترجیح دی جانی چاہئے۔ جناب گڈکری کل شام چھتیس گڑھ کی راجدھانی رائے پور میں انڈین روڈز کانگریس کے83ویں سالانہ جلسے کا افتتاح کرنے کے بعد اظہار خیال کررہے تھے۔

انہوں نے کہا کہ سڑک کی تعمیر میں بہتری لانے سے حادثات پر قابو پایا جاسکے گا اور زندگیاں بچائی جاسکیں گی۔

وزیرموصوف نے سڑک اور ٹرانسپورٹ شعبے میں افسران، ماہرین اور ٹھیکہ داروں سے زور دے کر کہا کہ وہ کامیاب عالمی طور طریقے اور اختراعات اختیار کریں۔

جناب گڈکری نے چھتیس گڑھ میں جو زراعت کے غلبے والی ریاست ہے، پرالی سے Bitumen اور CNG بنائے جانے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس سے روایتی ایندھن پر انحصار کم ہوگا اور آلودگی پر قابو پایا جاسکے گا۔

مرکزی وزیر نے کہا کہ بنیادی ڈھانچے کی ترقی سے، صنعت کو اور زیادہ ترقی ملے گی، روزگار کے موقعوں میں اضافہ ہوگا، غربت میں کمی آئے گی اور ملک خودکفیل ہوگا۔

اس چار روزہ جلسے میں، دو ہزار سے زیادہ ماہرین، سائنسداں، انجینئرس اور افسران شرکت کررہے ہیں۔ یہ جلسہ پیر کو ختم ہوجائے گا۔×

Paddy Procurement

آج سرکار نے بتایا ہے کہ پنجاب کی منڈیوں میں 126 لاکھ میٹرک ٹن سے زیادہ دھان پہنچ چکا ہے۔ اِس میں سے 120 لاکھ میٹرک ٹن سے زیادہ کی خریداری سرکاری اداروں اور بھارت کی فوڈ کارپوریشن نے کی ہے۔ صارفین کے امور اناج اور سرکاری نظامِ تقسیم کی وزارت نے یہ جانکاری دی ہے۔ اُس نے یہ بھی بتایا ہے کہ گریڈ-A کا دھان کم از کم امدادی قیمت 2 ہزار 320 روپے فی کوئنٹل کے حساب سے خریدا جارہا ہے۔ خریف کے منڈی کے موجودہ سیزن کے دوران سرکار اب تک 27 ہزار 995 کروڑ روپے کی دھان خرید چکی ہے، جس سے لگ بھگ 6 لاکھ 58 ہزار کسانوں کو فائدہ پہنچا ہے۔ مرکزی سرکار نے منڈی کے موجودہ سیزن کے دوران 185 لاکھ میٹرک ٹن دھان کی خریداری کا نشانہ رکھا ہے اور یہ خریداری اِس مہینے کی 30 تاریخ تک جاری رہے گی۔×

Jharkhand Income Raid

انکم ٹیکس محکمہ، جھارکھنڈ کے وزیراعلیٰ ہیمنت سورین کے قریبی ساتھی اور پرسنل سکریٹری سنیل شرویواستو کی رہائش گاہ پر چھاپے کی کارروائی انجام دے رہا ہے۔ رانچی اور جمشیدپور میں واقع 9 مختلف مقامات پرچھاپے مارے جارہے ہیں۔

Secundrabad Traiom

سکندرآباد۔شالیمار ہفتہ واری ایکسپریس ٹرین آج صبح سویرے مغربی بنگال میں کھڑگ پور ڈویژن میں واقع Nalpor اسٹیشن کے نزدیک پٹری سے اترگئی۔ جنوبی وسطی ریلوے SCR کے حکام نے ہمارے نامہ نگار کو بتایا کہ شالیمار ایکسپریس کی ایک پارسل وین اور دو ڈبے پٹری سے اتر گئے۔تاہم اس واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا اور نہ ہی کوئی بڑا نقصان ہوا۔ حکام نے مطلع کیا کہ سنترا گاچھی اور کھڑگ پور سے ایک ریلیف ٹرین اور طبی امدادی ٹرین جائے حادثہ پر پہنچ گئی ہے۔ اس کے علاوہ پھنسے ہوئے مسافروں کوان کی منزل تک پہنچانے کے لئے بسوں کا بھی انتظام کیا گیا ہے۔حکام نے مزیدبتایا کہ ٹرینوں کی آمدورفت کی بحالی کا کام جاری ہے۔ ریلوے کے حکام نے کھڑگ پور اسٹیشن کا ایک ہیلپ ڈیسک قائم کیا ہے۔ جس کا

نمبر63764۔
P&T کا نمبر ہے صفرتین دو دو نو۔ تین سات چھ چار۔ دیگر ہیلپ لائن نمبرس ہیں شالیمار میں چھ دو نو پانچ پانچ تین ایک چار سات ایک (ریلوے) سنترا گاچھی کا نمبر ہے نو آٹھ تین ایک دو چار تین چھ پانچ پانچ اور آٹھ نو ایک صفر دو چھ ایک چھ دو ایک۔ ہاوڑہ کا نمبر سات پانچ نو پانچ صفرسات چار سات ایک چار ہے۔×

Firozabad Accident

فیروزآباد ضلع میں آگرہ لکھنؤ ایکسپریس وے پر ایک بس کے کھڑی گاڑی سے ٹکراجانے کے بعد کم سے کم پانچ افراد ہلاک اور کئی دیگرزخمی ہوگئے ہیں۔ فیروزآباد دیہی کے سپرنٹنڈنٹ آف پولیس اکھلیش بھدوریہ کے مطابق یہ بس متھرا سے لکھنؤ جارہی تھی۔ تبھی آگرہ لکھنؤ ایکسپریس وے پر Nasirpur تھانے کے نزدیک یہ حادثہ پیش آیا۔×

Balochistan Blast

پاکستان میں بلوچستان صوبے کے کوئٹہ ریلوے اسٹیشن کے پاس ایک دھماکے میں کم سے کم 24 افراد ہلاک اور 40 سے زیادہ زخمی ہوگئے۔ خبروں میں کہا گیا ہے کہ جس وقت یہ دھماکہ ہوا، یہ ریل گاڑی پشاور روانہ ہونے والی تھی۔ یہ ریل گاڑی کوئٹہ سے پشاور جارہی تھی۔ پولیس اور امدادی کارکن موقع پر پہنچ گئے ہیں۔ ایک ہفتے پہلے مغربی پاکستان میں لڑکیوں کے ایک اسکول کے پاس بم پھٹنے کے واقعے کے بعد یہ حادثہ ہوا ہے۔ حملے میں پانچ بچوں سمیت سات افراد ہلاک ہوگئے تھے۔×

Harsh Malhotra Run

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے وزیرمملکت ہرش ملہوترا اور BJP کے اراکین پارلیمنٹ منوج تیواری اور بانسری سوراج نے آج نئی دِلی میں Run for Inclusion میراتھن کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ اسپیشل اولمپک بھارت اورنیشنل اسپورٹس فیڈریشن نے کھیل کود کو بڑھاوا دینے کیلئے اِس کی شروعات کی ہے۔ دِلی-این سی آر کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے اِس میں حصہ لیا۔×

Billrrds IBSF

Billiards میں قطر کی راجدھانی دوحہ میں آئی بی ایس ایف عالمیBilliards چمپئن شپ کے فائنل میں بھارت کے پنکج اڈوانی اور انگلینڈ کے رابرٹ ہال کے درمیان مقابلہ جاری ہے۔انہوں نے کل سیمی فائنل میں اپنے ہم وطن کھلاڑی سوربھ کوٹھاری کو چار دو سے شکست دی ۔ اس دوران سوربھ کوٹھاری نے کانسے کا تمغہ حاصل کرلیا۔ ×

Hockey Awards

بھارت کی مردوں کی ہاکی ٹیم کے کپتان ہرمن پریت سنگھ کو 2024 کیلئے سال کا FIH پلیئر اور سابق گول کیپر P.R.Sreejesh کو ایوارڈ دیا گیا ہے۔ اِن دونوں کو کل عمان میں FIH کی 49ویں کانگریس میں یہ ایوارڈ دیا گیا ہے۔ انعام یافتگان کو ماہرین کے پینل، قومی ہاکی انجمن، شائقین اور میڈیا نے ووٹنگ کے ذریعے منتخب کیا تھا۔×

Badminton Korea Masters

جنوبی کوریا میں Iksan میں کوریا ماسٹرس بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنل میں بھارت کے کرن جارج بارہ-اکیس، بیس-بائیس سے ہار گئے ہیں۔ اُنہیں تھائی لینڈ کے Kunlavut Vitidsan نے ہرایا۔ اِس سے پہلے گل کوارٹر فائنل میں جارج نے سیدھے سیٹوں میں پانچویں درجے کے کھلاڑی Takuma Obayashi کو اکیس-چودہ، اکیس-سولہ سے ہرایا تھا۔×

☆☆☆